OPEN ACCESS
Al-Qamar
ISSN (Online): 2664-4398
ISSN (Print): 2664-438X
www.alqamarjournal.com



# تعلیم و تعلم میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کے اسلامی آداب

# Islamic Etiquettes for the Use of Artificial Intelligence in Teaching and Learning

**Dr. Muhammad Shafeeq**

**Postdoctoral fellow IRI at International Islamic University Islamabad /HOD, Department of Islamic Studies Green International University Lahore**

(Email: muhammad.shafeeq@giu.edu.pk )

**Dr. Naeem Anwar**

Associate Professor, Department of Islamic Studies, Govt. college University Lahore

Email: dr.naeemanwar@gcu.edu.pk

DOI: https://doi.org/10.53762/alqamar.08.01.u09

## Abstract

The rapid integration of Artificial Intelligence (AI) into educational systems worldwide has prompted critical ethical, cultural, and religious evaluations of its use, particularly in the context of Islamic education. This study explores the Islamic ethical guidelines related to the use of AI in teaching and learning, with specific reference to preserving traditional teacher-student relationships, intellectual integrity, and the spiritual objectives of education in Islam. The research investigates how AI tools, while offering pedagogical

CC BY

efficiency and access to information, may also inadvertently lead to dependency, reduced critical thinking, and violations of privacy and authenticity.

The study further examines the implications of AI usage on academic honesty, the risk of disseminating inaccurate or non-authentic religious content, and the potential weakening of human-centered educational values. Drawing from Quranic principles, Prophetic traditions, and classical Islamic scholarship, the research identifies key ethical parameters for the responsible integration of AI in education. By analyzing these dimensions, the paper aims to develop a framework that aligns modern technological advancements with the moral and epistemological foundations of Islamic teachings.

This inquiry contributes to the broader discourse on the compatibility of emerging technologies with faith-based educational models, offering practical guidelines for educators, institutions, and policymakers operating within Islamic contexts.

**Key words: Artificial Intelligence in Education. Islamic Ethical Guidelines, Teacher-Student Relationship, Academic Integrit, Technology and Islamic Values**

## تعارف و تمہید

اسلام دنیا کا واحد دین ہے جو اپنی آفاقیت کی بنیاد پر عصری چیلنجز (Contemporary Issues) کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور انسان کی فکری، اخلاقی اور عملی تربیت کا مکمل اور جامع نظام پیش کرتا ہے کیونکہ اس دین کا بنیادی مقصد انسان کی روحانی ترقی کے ساتھ ساتھ مادی دنیا کے عصری چیلنجز کا مقابلہ کرنا اور دنیا میں اعتدال اور توازن قائم کرنا ہے۔ عصر حاضر میں اسلام کو درپیش عصری چیلنجز میں سے ایک چیلنجز مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) ہے جو جدید ٹیکنالوجی کی ایک ایسی اہم اور نمایاں پیش رفت ہے جس نے معاشرتی، تعلیمی، اقتصادی اور فکری نظام پر گہرے اثرات مرتب

کرتے ہوئے زندگی کے ہر پہلو کو بدل کر رکھ دیا ہے۔

مصنوعی ذہانت ایک ایسی فکری اور عملی مشین ہے جو خودکار طریقے سے سائل (Questioner) کے ہر سوال کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے جس سے آج کا انسان بھرپور استفادہ کر رہا ہے، کرنا بھی چاہیے کہ یہ اس کا انسان کا بنیادی حق ہے۔ تاہم، چونکہ اسلام اخلاق، اور انسانی فلاح و بہبود کی راہ دکھانے والا دین ہے، لھذا ضروری ہے کہ مصنوعی ذہانت کو اسلام سے ہم آہنگ کرتے ہوئے تعلیم و تعلم میں اے آئی (AI) کے استعمال کے حوالے سے اسلامی آداب اور حدود کا تعین کیا جائے تاکہ اس جدید تکنیکی (AI) پیش رفت کے ذریعے معاشرتی، اخلاقی اور علمی اقدار کی خلاف ورزی نہ ہونے پائے اور یہ جدید ٹیکنالوجی انسانی زندگی کے لیے مفید ثابت ہو جائے۔

زیر نظر تحقیقی مقالہ میں **"تعلیم و تعلم میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کے اسلامی آداب"** کا جامع تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔ اور اس بات کا جائزہ لیا گیا ہے کہ کس طرح مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) کو تعلیم و تعلم میں استعمال کرتے ہوئے اسلامی اخلاقیات، شرعی حدود، اور انسانی وقار کا خیال رکھا جا سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مصنوعی ذہانت کے مثبت اور منفی اثرات، اس کے علمی، سماجی اور اخلاقی مضمرات، اور تعلیم و تعلم میں مصنوعی ذہانت کو اسلام سے ہم آہنگ کرنے کے تقاضوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

### بنیادی سوالاتِ تحقیق

یہ تحقیقی مقالہ ان چند سوالات پر مشتمل ہے۔

- تعلیم و تعلم میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کے کون سے اسلامی آداب اور شرعی اصول لاگو ہوتے ہیں؟
- مصنوعی ذہانت کے تعلیمی نظام میں استعمال سے کون سے مثبت اور منفی اثرات ابھر کر سامنے آتے ہیں؟
- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں مصنوعی ذہانت کے اخلاقی، سماجی اور فکری حدود کیا ہیں؟
- تعلیم میں مصنوعی ذہانت کے مؤثر اور شرعی لحاظ سے درست استعمال کے لیے کون سی حکمت عملیاں اپنائی جا سکتی ہیں؟

### مقاصد تحقیق

- مصنوعی ذہانت کے تعلیم میں استعمال کے اسلامی آداب کی نشاندہی اور وضاحت کرنا۔
- مصنوعی ذہانت کے تعلیمی نظام پر اثرات کا جامع تجزیہ پیش کرنا، جس میں اس کے مثبت و منفی پہلو شامل ہوں۔
- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں مصنوعی ذہانت کے اخلاقی اور شرعی حدود کو واضح کرنا۔
- مصنوعی ذہانت اور انسانی تخلیقی صلاحیت کے مابین توازن قائم کرنے کے لیے رہنما اصول وضع کرنا۔
- تعلیم میں مصنوعی ذہانت کے استعمال سے پیدا ہونے والے ممکنہ سماجی، اخلاقی اور فکری چیلنجز کی نشاندہی اور ان کے حل پیش کرنا۔
- تعلیمی اداروں، اساتذہ، اور محققین کے لیے ایک اسلامی اور اخلاقی فریم ورک تیار کرنا جو مصنوعی ذہانت کے مؤثر اور

متوازن استعمال کی رہنمائی کرے۔

## مصنوعی ذہانت کا معنی و مفہوم

مصنوعی ذہانت(Artificial Intelligence)دو الفاظ "**مصنوعی اور ذہانت**" کا مجموعہ ہے جن کے معنی مندرجہ ذیل ہیں۔

- **لفظ "مصنوعی"** کا معنی ہے بنائی گئی، غیر فطری یا انسان کے ذریعے تیار کی گئی کوئی چیز۔
- لفظ "ذہانت" کا معنی ہے سمجھنے، سوچنے، سیکھنے اور فیصلہ کرنے کی صلاحیت۔
- جب مذکورہ الفاظ کے معانی کو اکٹھا کر کے بیان کیا جائے تو مصنوعی ذہانت کا معنی کچھ یوں بنتا ہے۔
- "انسان کا بنایا ہوا ایسا نظام یا مشین جو انسانی ذہانت کی نقل کرے"۔

### اصطلاحی معنی

اصطلاحاً "مصنوعی ذہانت" سے مراد کمپیوٹر یا جدید مشین کی مدد سے تیار کردہ ایسی سائنس یا ٹیکنالوجی ہے جو انسانی ذہن کی طرح کام کرتے ہوئے خودکار طریقے سے سیکھنے(Learning)، سمجھنے(Understanding)، فیصلہ کرنے(Decision Making)، مسئلہ حل کرنے(Problem Solving)اور زبان یا آواز کو پہچاننے ( Speech/Language Recognition)کی صلاحیت رکھتی ہو۔ مصنوعی ذہانت کی تعریف کرتے ہوئے جان میکارتھے(John McCarthy)لکھتے ہیں۔

"Artificial Intelligence is the science and engineering of making intelligent machines, especially intelligent computer programs."(1)

"مصنوعی ذہانت، ذہین مشینیں، خاص طور پر ذہین کمپیوٹر پروگرام بنانے کا سائنس اور انجینئرنگ ہے۔"

مصنوعی ذہانت کے ٹولز

عصر حاضر میں یوں تو متعدد "اے آئی ٹولز ( AI Tolle's)"یا سرچ انجنز ( Search Enjoins)گوگل(Google)اور گوگل پلے سٹور(Google Play Store)پر اپلی کیشن کی صورت میں دستیاب ہیں، جن سے آج کے طلباء اور ریسرچ اسکالرز استفادہ کر رہے ہیں البتہ 2025 میں مندرجہ ذیل اے آئی(AI)ٹولز زیادہ مؤثر، تیز رفتار اور سہل کاری میں اپنی مثال آپ ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ➢ ***Notion AI*** | ➢ ***Grammarly*** | ➢ ***ChatGPT*** |
| ➢ ***Otter.ai*** | ➢ ***Wolfram Alpha*** | ➢ ***Quillbot*** |
| ➢ ***Nifty*** | ➢ ***Exam AI*** | ➢ ***Elicit*** |
| ➢ ***Gradescope*** | ➢ ***ClickUp*** | ➢ ***AI Summarizer*** |

| | | |
|---|---|---|
| ➢ *Adobe Express & Firefly* | ➢ *Generative Fill Brushes* | ➢ *ProProfs Quiz Maker* |

ان مذکورہ بالا مصنوعی ذہانت کے مختلف ٹولز کا اختصار کے ساتھ تعارف حسب ذیل ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔

1. **چیٹ جی پی ٹی(ChatGPT):** یہ انتہائی مقبول لارج لینگویج ماڈل(LLM) ہے جو اوپن اے آئی(OpenAI) نے تیار کیا ہے۔ ChatGPT 3.5 آرکیٹیکچر پر چلتا ہے اور بنیادی طور پر مواد کی تخلیق(content generation) میں مدد دیتا ہے۔ پرامپٹس(prompts) کے ساتھ صحیح معلومات فراہم کر سکتا ہے، مواد تیار کر سکتا ہے اور حقیقی دنیا کی گفتگو کی مشابہت کر سکتا ہے۔ حال ہی اس کا ورژن پانچ(Virgin:5) آیا ہے جو کمال کی چیز ہے۔ این ایل پی(NLP) کی مدد سے نیچرل لینگوج پراسیس (Natural Language Processing) کا استعمال کر کے قدرتی اور روان گفتگو کر سکتا ہے۔ سیاق وسباق کی آگاہی کی(contextual awareness) مہارت رکھتا ہے۔ متعدد زبانوں کی حمایت کرتا ہے۔(2)
2. **گرائمرلی(Grammarly):** یہ ایک AI سے چلنے والا رائٹنگ اسسٹنٹ ہے جو تحریر کو بہتر بناتا ہے۔ مواد کو وضاحت، درستگی، پڑھنے میں آسانی، اور مجموعی معیار کے لحاظ سے پرکھتا ہے اور لکھنے کی مہارت کو بہتر بنانے کے لیے قابل عمل تجاویز فراہم کرتا ہے۔ یہ گرامر اور ہجے کی جانچ، انداز کی بہتری، لہجے کی ترتیب، اور الفاظ کے ذخیرے میں اضافہ کی بھی تجاویز دیتا ہے۔ غیر ارادی سرقہ (Plagiarism) کا پتہ لگا کر تحریر کی اصلیت اور انفرادیت برقرار رکھتا ہے۔ حوالہ جات شامل کرنے یا منظم کرنے کے لیے Citation Tools مختلف فارمیٹس APA, MLA, Chicago وغیرہ کے لیے بھی مددگار ہے۔(3)
3. **نوشن اے آئی (Notion AI):** یہ مصنوعی ذہانت کی خصوصیات سے مربوط ایک سوٹ(suite) ہے اور ایک ذاتی نوعیت کا ایجنٹ ہے جو براہ راست نوشن ورک اسپیس(Notion workspace) میں بنایا گیا ہے تاکہ صارفین کو زیادہ موثر طریقے سے لکھنے، بنانے، خودکار کرنے اور تلاش کرنے میں مدد ملے۔ یہ انتہائی متعلقہ مدد فراہم کرنے کے لیے آپ کے موجودہ نوٹس، دستاویزات، اور منسلک ایپس جیسے Slack اور Google Drive کے سیاق وسباق کا استعمال کرتے ہوئے ایک سوچے سمجھے ساتھی اور ایک خودکار ٹیم کے ساتھی کے طور پر کام کرتا ہے۔(4)
4. **کیوئل بوٹ(Quillbot):** ایک تخلیقی AI ٹول ہے جو تحریری مواد کی تشریح، خلاصہ اور گرائمر کی غلطیوں کی جانچ پڑتال کرتا ہے اور تحریری مواد کو مختصر کرنے یا مرکزی خیال کو برقرار رکھتے ہوئے اسائنمنٹ کو چیک کرنے اور اسے دوبارہ لکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ مترادف سلائیڈز کے متن کی تبدیلی اور درستگی پر مکمل کنٹرول فراہم کرتا ہے۔(5)
5. **وولفرم الفا سٹیم(Wolfram Alpha STEM):** طلباء کے لیے ایک ضروری AI ٹول ہے، جو پیچیدہ ریاضیاتی اور سائنسی مسائل کا فوری حل فراہم کرتا ہے۔ ریاضی، طبعیات، اور انجینئرنگ کے مسائل کے حل کے لیے مرحلہ وار

منصوبہ بندی کرتا ہے اور سائنسی تصورات کی AI پر مبنی وضاحتیں اور تکنیکی مضامین کے لیے پرسنلائزڈ ٹیوشن پیش کرتا ہے۔[6]

6. **"Otter.ai"**: اے آئی کی مدد سے چلنے والا ٹرانسکرپشن ٹول ہے جو طلباء کو لیکچرز، انٹرویوز اور میٹنگز کو نقل کرنے میں مدد دیتا ہے، بولے جانے والے الفاظ کو آسانی کے ساتھ متن میں تبدیل کرتا ہے۔ ریئل ٹائم میں خودکار طریقے لیکچر ٹرانسکرپشن کی صلاحیت رکھتا ہے، اے آئی کی مدد تقاریر کی درست شناخت کر سکتا ہے۔[7]
7. **ایلیٹ(Elicit)**: یہ ایک اے آئی ریسرچ اسسٹنٹ ہے جو تحقیق کرنے والے طلباء کے لیے ایک بہترین AI سے چلنے والا لٹریچر ریویو ٹول ہے یہ اکیڈمک پیپر کا خلاصہ بنانے میں مدد کرتا ہے، تحقیقی منصوبوں کے لیے حوالہ جات فراہم کرنے میں مدد دیتا ہے اور علمی مضامین تک فوری رسائی کو آسان بناتا ہے۔[8]
8. **"Exam AI"**: امتحانات کی تیاری میں مدد دینے والا طاقتور اے آئی ٹول ہے جو AI سے تیار کردہ کوئزز، فلیش کارڈز، اور اسٹڈی گائیڈز پیش کرتا ہے۔[9]
9. **Nifty**: یہ ایک آل اِن وَن پروجیکٹ مینجمنٹ آپریٹنگ سسٹم (OS) ہے۔ اساتذہ (Nifty(Educators کا استعمال کر کے ورچوئل کلاس رومز قائم کر سکتے ہیں۔ کمپنیاں اس کے ذریعے تربیتی (training) اور نئے ملازمین کی رہنمائی (onboarding) کی سرگرمیاں چلا سکتی ہیں اور انفرادی طور پر بھی لوگ Nifty کو اپنی تعلیمی پیش رفت کو ٹریک کرنے، شیڈول پر قائم رہنے، نوٹس مرتب کرنے، اور بہت کچھ کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ خیالات کے تبادلے ( Discussions)، برین اسٹورمنگ، مسئلہ حل کرنے، گروپ لرننگ وغیرہ کو ممکن بناتا ہے۔ اس کے استعمال سے فائلیں شیئر کی جا سکتی ہیں، مخصوص موضوعات پر علیحدہ تھریڈز بنائے جا سکتے ہیں۔ اس کی مدد سے سوال و جواب (Q&A) سیشنز منعقد کیے جا سکتے ہیں، اور گفتگو سے حاصل شدہ قابلِ عمل نکات کو ٹوڈو لسٹ (To-do list) میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ Nifty Docs کے ذریعے ایک مرکزی علمی ذخیرہ (centralized knowledge base) تیار کیا جا سکتا ہے۔ متعلمین (learners) مشترکہ دستاویزات (shared documents) کو دیکھنے، ترمیم کرنے، نئی دستاویزات بنانے اور تبصرے کرنے کے ذریعے باہمی تعاون (collaboration) کر سکتے ہیں۔ اساتذہ (educators) تبصرے (commenting) کے فیچر کو استعمال کرتے ہوئے طلبہ کو فیڈبیک دے سکتے ہیں یا ان کے سوالات کے جوابات فراہم کر سکتے ہیں۔ اسی طرح یہ ٹاسک مینیجمنٹ (Task Management) میں بہترین مددگار ہے۔ انٹرایکٹو کیلنڈر بنانے میں بھی مددگار ہے اس کی مدد سے ٹائم ٹیبل کو دن، ہفتہ اور ماہ کے حساب سے منظم کیا جا سکتا ہے۔[10]
10. **اے آئی سمرائزر (AI Summarizer)**: یہ ایک فریمیئم (freemium) ٹول ہے جو طویل تحریروں کو خودکار طریقے سے مختصر کرتا ہے، اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس (Artificial Intelligence) الگورتھمز (algorithms) کی مدد سے یہ کام انجام دیتا ہے۔ یہ سافٹ ویئر سب سے پہلے متن کے اہم نکات کی شناخت کرتا ہے اور پھر انہی نکات کی بنیاد

پر مختصر خلاصہ تیار کرتا ہے۔ یہ سافٹ ویئر طلبہ کے لیے تحقیقی مقالوں کے خلاصہ جات (Abstracts)، مضامین کی سمریز (Summaries) اور دیگر مشابہ کاموں میں بہت مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔[11]

11. **کلک اپ (ClickUp):** یہ ایک پروجیکٹ مینجمنٹ ٹول ہے جسے طلبہ اپنے کاموں کو منظم کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ اسائنمنٹس کو سب سے چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنا ہو یا مختلف ویوز Kanban، Calendar اور Swimlane وغیرہ میں پیش رفت کا جائزہ لینا ہو ClickUp زیادہ تر طلبہ کی ضروریات پوری کرتا ہے۔[12]

12. **گریڈ سکوپ (Gradescope):** جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، ایک آن لائن گریڈنگ اور اسیسمنٹ پلیٹ فارم ہے جو تعلیمی اداروں کے لیے بنایا گیا ہے۔ یہ اساتذہ کو اسائنمنٹس ڈیجیٹل طور پر بنانے، تقسیم کرنے، اور گریڈ کرنے کی سہولت دیتا ہے، جس سے جائزہ لینے کا عمل آسان اور مؤثر ہو جاتا ہے۔ یہ مختلف ٹولز کا استعمال کر کے درستگی کو یقینی بناتا ہے اور طلبہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے شخصی فیڈبیک (Feedback) فراہم کرتا ہے۔[13]

13. **"Adobe Express & Firefly"** AI کی مدد سے چلنے والی تخلیقی ایپ ہے جو طلبہ کو ڈیجیٹل مواد ڈیزائن کرنے اور شیئر کرنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ AI ٹول "Adobe Firefly" کے ساتھ مربوط ہے، جو اے آئی جینریٹو (Generative) ماڈیول ہے جو متن کی بنیاد پر پرامپٹس کو شاندار تصاویر، رنگین پلیٹس، اور متن میں تبدیل کرتا ہے۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ٹیکسٹ کو امیج میں (Text-to-Image) اور امیج کو تصاویر میں تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔[14]

14. **"Generative Fill Brushes":** متن کی وضاحت کے ذریعے موجودہ اشیاء کو ہٹانے یا نئی چیزیں شامل کرنے کی سہولت دیتا ہے۔ تحریری پرامپٹس کے ذریعے لفظ کو تخلیقی انداز میں دکھاتا ہے۔[15]

15. **پروفیسر کوئز میکر (ProProfs):** ایک AI سے چلنے والا اسمنٹ ٹول ہے جو تیز، لچکدار سیکھنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ آپ کسی بھی موضوع، دستاویز، ویڈیو، یا لنک سے فوری طور پر کوئز تیار کر سکتے ہیں، یا 100,000 + استعمال کے لیے تیار کوئز اور 1,000,000 سے زیادہ فلیش کارڈز کی لائبریری میں سے انتخاب کر سکتے ہیں۔ یہ طلباء کو سمجھنے، پیش رفت کو ٹریک کرنے، اور آسانی سے ٹیسٹوں کی تیاری میں مدد کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔[16]

### مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی

مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) ایک علمی و تکنیکی میدان ہے جس کا مقصد ایسی مشینیں اور نظام تیار کرنا ہے جو انسانوں کی طرح سوچ سکیں، سیکھ سکیں، اور فیصلے کر سکیں۔ یہ مشینیں اپنے ماحول سے معلومات اکٹھی کر کے آزادانہ طور پر فیصلہ سازی کا عمل انجام دیتی ہیں، بالکل اسی طرح جیسے انسان اپنی فہم و فراست سے مسائل کا حل تلاش کرتا ہے۔ مصنوعی ذہانت کا بنیادی مقصد مشینی نظام کو انسانی ذہانت کی علامات جیسے کہ سیکھنا، استدلال کرنا، اور مسئلہ حل کرنا فراہم کرنا ہے۔

جدید ٹیکنالوجی کی اس شاخ کو ہم ایک طرح کی مشینی عقل بھی کہہ سکتے ہیں، جو پیچیدہ ڈیٹا کا تجزیہ کرنے، زبان کو سمجھنے، اور مخصوص کاموں کو خودکار انداز میں انجام دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ آج کل، مصنوعی ذہانت کی مدد سے تعلیم کے شعبے میں تدریسی عمل کو زیادہ مؤثر، دلچسپ اور ایٹریکٹو (Attrective) بنایا جارہا ہے۔ مثلاً، طلباء کی انفرادی ضروریات کے مطابق مواد کی تیاری، معذور افراد کے لیے تعلیمی وسائل کی فراہمی، اور تعلیمی عمل میں روبوٹکس و سینسر ٹیکنالوجی کا استعمال تعلیم کو مزید سمارٹ اور انٹرایکٹو بنارہا ہے۔

تاہم، مصنوعی ذہانت کی ترقی کے ساتھ ساتھ کچھ اخلاقی اور سماجی چیلنجز بھی سامنے آئے ہیں، جیسے جعلی مواد کی تخلیق (Deepfakes)، ذاتی معلومات کا غلط استعمال، اور انسانی تخلیقی صلاحیتوں پر انحصار میں کمی۔ یہ تمام امور تعلیم کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کو ایک نئے علمی اور اخلاقی فریم ورک کے تحت لانے کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہیں تاکہ ٹیکنالوجی کا استعمال انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے ہو۔

عصر حاضر کی جدید ٹیکنالوجی AI کو اسلامی اخلاقیات سے ہم آہنگ کرنا نے جہاں تعلیم، تحقیق، اور معلوماتی نظام کے طور طریقے کو بدل کر رکھ دیا ہے وہاں اس نے اسلام کے آفاقی اور جامع نظریات کے تناظر میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کے اسلامی اصول و آداب کا تعین نہایت اہم ہے تاکہ یہ انسان کی فلاح و بہبود میں معاون رہے۔ تعلیمی شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال سے پیدا ہونے والے اخلاقی، شرعی اور معاشرتی چیلنجز کو سمجھنا اور ان کا حل تلاش کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تعلیمی معیار، مساوات، اور شفافیت کو برقرار رکھنے کے لیے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں رہنمائی ضروری ہے۔

عصر حاضر کی جدید ٹیکنالوجی AI نے جہاں تعلیم، تحقیق، اور معلوماتی نظام کے طور طریقے کو بدل کر رکھ دیا ہے وہاں اس نے اسلام کے آفاقی اور جامع نظریات کے تناظر میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کے اسلامی اصول و آداب کا تعین نہایت اہم ہے تاکہ یہ انسان کی فلاح و بہبود میں معاون رہے۔ تعلیمی شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال سے پیدا ہونے والے اخلاقی، شرعی اور معاشرتی چیلنجز کو سمجھنا اور ان کا حل تلاش کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ تعلیمی معیار، مساوات، اور شفافیت کو برقرار رکھنے کے لیے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں رہنمائی ضروری ہے۔

- یہ تحقیق اسلامی فکری ورثے اور جدید تکنیکی دور کے مابین پل کی مانند ہے۔
- معاصر تعلیمی اداروں اور محققین کو مصنوعی ذہانت کے اخلاقی استعمال کے لیے فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔
- اسلامی معاشروں میں مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی کے حوالے سے شعور و آگاہی بڑھانے میں معاون ثابت ہو گی۔
- تعلیمی نظام میں مصنوعی ذہانت کے تعارف اور انضمام کے دوران شرعی و اخلاقی حدود کا واضح تعین کرے گی۔

### مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کا پس منظر

مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) دورِ حاضر کی ایک ایسی سائنسی ایجاد ہے جس نے انسانی زندگی کے ہر شعبے میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ اگرچہ اس کا موجودہ فنی اظہار جدید ٹیکنالوجی کی مرہونِ منت ہے، لیکن اس کا فکری تصور اور

اصولی خاکہ بہت قدیم ہے۔ لفظ "Artificial" کا مطلب ہے مصنوعی یا غیر حقیقی، اور "Intelligence" کا مطلب ہے عقل، فہم، سیکھنے اور فیصلہ کرنے کی صلاحیت۔ گویا، مصنوعی ذہانت ایک ایسا خودکار نظام ہے جو انسانی ذہن کے افعال کی نقالی کرتا ہے—یعنی سوچتا ہے، سیکھتا ہے، فیصلے کرتا ہے اور خود کو نئے حالات کے مطابق ڈھالتا ہے۔ عربی زبان میں اس کے لیے **"الذكاء الاصطناعي" یا "الشركاء الاصطناعي"** کی اصطلاحات استعمال ہوتی ہیں۔ اس سے مراد ایک ایسی غیر حقیقی تخلیق ہے جو انسانی عقل کی مانند کام کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔

یہ بات قابل توجہ ہے کہ قرآن مجید نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے واقعات میں خودکار، کلام کرنے والے اور معلومات فراہم کرنے والے عناصر کا ذکر کیا ہے، جو دورِ جدید کی مصنوعی ذہانت پر ایک فکری روشنی ڈالتے ہیں۔ مثلاً:

﴿وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ﴾[17]

یہ آیت اس نظام کی طرف اشارہ کرتی ہے جس میں ایک پرندہ بھی اطلاعات کے نظام کا حصہ ہے۔ آج کے مصنوعی ذہانت سسٹمز میں بھی اسی قسم کی خودکار نگرانی، تجزیہ اور رپورٹنگ کی صلاحیتیں پائی جاتی ہیں۔

اسی طرح نبی کریم ﷺ کی حدیث مبارکہ:

**"لا تقوم الساعة حتى تكلم السباع الإنس، وحتى يكلم الرجل عذبة سوطه، وشراك نعله، وتخبره فخذه بما أحدث أهله بعده"**[18]

"قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک کہ (درندے) جانور انسانوں سے کلام نہ کریں، اور جب تک کہ آدمی سے اس کے کوڑے کا کنارہ، اور اس کے جوتے کا تسمہ بات نہ کرے، اور اس کی ران اسے نہ بتائے کہ اس کے اہل خانہ نے اس کے جانے کے بعد کیا کیا ہے۔"

یہ حدیث بظاہر حیرت انگیز معلوم ہوتی ہے، لیکن اگر اسے آج کے تناظر میں دیکھا جائے تو یہ اسمارٹ فونز، اسمارٹ واچز، سینسرز، بایومیٹرک کپڑے اور مصنوعی ذہانت روبوٹس جیسے ایجادات کی شکل میں پوری ہوتی دکھائی دیتی ہے، جو انسان سے "کلام" کرتی ہیں اور ان کی سرگرمیوں کی خبر دیتی ہیں۔ یعنی، مصنوعی ذہانت محض ایک سائنسی ایجاد نہیں بلکہ قرآنی فکر اور نبوی پیش گوئیوں کی روشنی میں ایک قابل فہم حقیقت ہے۔

### مصنوعی ذہانت کا تاریخی وارتقائی مطالعہ

مصنوعی ذہانت کا تصور اگرچہ آج جدید ٹیکنالوجی کی صورت میں پوری دنیا میں مقبول ہے، تاہم اس کی فکری بنیاد اور ارتقائی سفر کئی دہائیوں پر محیط ہے۔

- 1950ء میں مشہور برطانوی ریاضی دان ایلن ٹورنگ (Alan Turing) نے یہ سوال اٹھایا کہ "کیا مشینیں سوچ سکتی ہیں؟"۔ یہ سوال بعد ازاں مصنوعی ذہانت کی بنیاد بنا۔
- 1956ء میں امریکہ کی ڈارٹ ماؤتھ کانفرنس میں "Artificial Intelligence" کی اصطلاح پہلی بار رسمی طور پر استعمال ہوئی، جس کے بعد مصنوعی ذہانت ایک مستقل علمی وسائنسی شعبہ بن گیا۔

- 1960 تا 1970 کی دہائی میں ریاضیاتی حل، مشینی ترجمہ اور ابتدائی چیٹ بوٹس پر کام ہوا۔
  1972 میں جاپان میں WABOT-1 کے نام سے پہلا انسان نما روبوٹ تیار کیا گیا۔
- 1980ء میں Expert Systems متعارف کروائے گئے، جو انسان کی طرح فیصلے کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔
- 1997ء میں IBM کا سپر کمپیوٹر Deep Blue عالمی شطرنج چیمپیئن گری کاسپروف کو شکست دے کر مصنوعی ذہانت کی صلاحیت کا مظاہرہ بن گیا۔
- 2002ء میں روبوٹک ویکیوم کلینرز اور گھریلو مصنوعی ذہانت مصنوعات عام ہوئیں۔
- 2006ء کے بعد فیس بک، ٹویٹر اور نیٹ فلکس جیسی کمپنیوں نے صارفین کے تجزیے، مواد کی ترتیب اور اشتہارات کے لیے مصنوعی ذہانت کو استعمال کرنا شروع کیا۔
- 2011-2013 کے درمیان گوگل، ایپل اور دیگر اداروں نے سوال و جواب پر مبنی اسسٹنٹس (جیسے Google : Now، Siri) متعارف کروائے۔
- 2020ء میں Linear Fold مصنوعی ذہانت کی مدد سے وبا کے دوران تیزی سے ویکسین کی تیاری میں پیش رفت ہوئی۔
- 2022-2023ء میں ChatGPT جیسے مصنوعی ذہانت ماڈلز نے تعلیمی، تحقیقی، ادبی اور فنی شعبہ جات میں حیران کن نتائج دیے۔

آج، مصنوعی ذہانت تعلیم، طب، صنعت، زراعت، تجارت، دینی خدمات، عدالتوں اور عسکری نظام میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ ہر گزرتے دن کے ساتھ مصنوعی ذہانت کی نئی ایجادات انسان کو ایک نئی حقیقت سے روشناس کروا رہی ہیں۔ یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ مصنوعی ذہانت نے آج انسان کی تخلیقی صلاحیتوں کو نئی جہت عطا کی ہے، لیکن اس کا ذمہ دار استعمال، اخلاقی رہنمائی اور اسلامی آداب کے دائرے میں رکھنا ایک ناگزیر ضرورت بن چکا ہے۔

مصنوعی ذہانت کا ارتقاء صرف مشینوں کی ترقی نہیں بلکہ انسان کی فکری، تخلیقی اور سائنسی استعداد کا مظہر ہے، جس کے فکری اصول قرآن و سنت میں پہلے ہی موجود ہیں۔ لہٰذا، تعلیم و تعلم میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کو اسلامی اقدار، اخلاقیات اور حدود کے اندر رکھ کر استعمال کرنا نہ صرف ممکن ہے بلکہ مطلوب بھی۔

### مصنوعی ذہانت سے استفادہ کی ضرورت واہمیت

اسلامی تعلیمات کے مطابق ذہانت اور علم اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت ہے۔ قرآن کریم میں ہے:

﴿وَعَلَّمَ آدَمَ الأَسْمَاءَ كُلَّهَا﴾[19]

"اور اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام چیزوں کے نام سکھا دیے۔"

دوسرے مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا﴾[20]

"وہی ہے جس نے جو کچھ زمین میں ہے سب تمہارے لئے بنایا پھر اس نے آسمان کے بنانے کا قصد فرمایا تو ٹھیک سات آسمان بنائے اور وہ ہر شے کا خوب علم رکھتا ہے۔"

مذکورہ بالا آیات سے یہ بات ظاہر اور واضح ہے کہ تمام علوم و فنون اللہ تبارک و تعالیٰ کی عطاء ہیں جن سے استفادہ کرتے ہوئے انسان نے مصنوعی ذہانت کو ایجاد کیا ہے جو بظاہر انسان کی طرح سوچنے، سمجھنے اور فیصلے کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، مگر اس کے اعمال و افعال انسانی اختیار یا پروگرامنگ (Programming) کے تابع ہیں۔

## مصنوعی ذہانت کا تصور قرآن وسنت کی روشنی میں

اسلام دینِ فطرت ہے اور قرآن کریم ایک ایسا جامع اور ہمہ گیر ضابطۂ حیات ہے جو ہر دور کے انسان کے لیے راہنمائی فراہم کرتا ہے۔ قرآن مجید نے کائنات کی ہر شے کو اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تحمید کرنے والی مخلوق قرار دیا ہے، اگرچہ انسان اس کی حقیقت اور کیفیت کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ چنانچہ سورۃ الاسراء میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿تُسَبِّحُ لَهُ السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ وَالْأَرْضُ وَمَن فِيهِنَّ ۚ وَإِن مِّن شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ وَلَـٰكِن لَّا تَفْقَهُونَ تَسْبِيحَهُمْ ۗ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا﴾[21]

"ساتوں آسمان، زمین اور جو کچھ ان میں ہے، سب اسی کی تسبیح کرتے ہیں، اور کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی حمد کے ساتھ تسبیح نہ کرتی ہو، مگر تم ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں۔ بے شک وہ بڑا حلیم و غفور ہے۔"

اس آیت مبارکہ سے واضح ہوتا ہے کہ کائنات کی ہر مخلوق کسی نہ کسی درجے میں شعور رکھتی ہے، اگرچہ وہ شعور انسانی عقل کے سانچے میں نہیں ڈھلتا۔ اس سے یہ بھی اخذ کیا جا سکتا ہے کہ غیر جاندار اشیاء بھی کسی نہ کسی درجے میں تاثیر رکھتی ہیں، جن سے انسان فوائد حاصل کر سکتا ہے، تاہم یہ اشیاء انسان کی مانند عقل و فہم کی حامل نہیں ہوتیں۔ یہی اصول ہمیں سورۃ الاسراء کی آیت اور دیگر مقامات سے بھی معلوم ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دیگر تمام مخلوقات پر عقلی، اخلاقی اور عملی فضیلت عطا کی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا﴾[22]

"یقیناً ہم نے اولادِ آدم کو عزت بخشی، انہیں خشکی اور سمندر میں سواری دی، پاکیزہ چیزوں سے روزی دی، اور اپنی بہت سی مخلوقات پر نمایاں فضیلت عطا کی۔"

یہ آیت انسان کے فکری، عملی اور اخلاقی تفوق کی وضاحت کرتی ہے، جو کسی بھی غیر جاندار یا مصنوعی تخلیق کے لیے ممکن نہیں۔ مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) اگرچہ انسانی عقل و تجربہ کا نچوڑ ہے، مگر وہ تخلیقِ خداوندی یعنی انسان کی ہمسری نہیں کر سکتی۔

## مصنوعی ذہانت اور احادیث نبویہ ﷺ

نبی اکرم ﷺ کی کئی احادیث ایسی علاماتِ قیامت پر روشنی ڈالتی ہیں، جنہیں موجودہ دور کی ٹیکنالوجیکل پیش رفت اور مصنوعی ذہانت کی روشنی میں بہتر انداز میں سمجھا جاسکتا ہے۔ مثال کے طور پر جیسا کہ حضرت ابو سعید خدریؓ سے مروی حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

**"لا تقوم الساعة حتى تكلم السباع الإنس، وحتى يكلم الرجل عذبة سوطه، وشراك نعله، وتخبره فخذه بما أحدث أهله بعده"** (23)

"قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک درندے انسانوں سے گفتگو نہ کریں، انسان کا کوڑا، اس کا جوتے کا تسمہ، اور اس کی ران اسے اس کے اہل خانہ کے بارے میں نہ بتائے جو اس کے بعد کیا گیا۔"

علمائے کرام نے اس حدیث کی کئی تعبیرات کی ہیں، تاہم آج کے سائنسی دور میں اسے مصنوعی ذہانت (مصنوعی ذہانت)، انٹرنیٹ آف تھنگز (IoT)، بایو سینسرز اور سمارٹ ڈیوائسز کی روشنی میں بھی دیکھا جاسکتا ہے:

- **درندوں کا انسانوں سے بات کرنا:** موجودہ تحقیق جانوروں کی حرکات و سکنات کو سمجھنے، ترجمہ کرنے، اور ان کی جذباتی کیفیات کو ڈیجیٹل انداز میں ظاہر کرنے کی کوششوں پر مرکوز ہے۔
- **کوڑے یا جوتے کا تسمہ بولنا:** آج سمارٹ واچز، جوتوں میں نصب سینسرز، اور دیگر پہننے کے قابل آلات (wearables) نہ صرف معلومات ذخیرہ کرتے ہیں بلکہ انسان سے "مکالمہ" بھی کرتے ہیں۔
- **ران کا اطلاع دینا:** طبّی میدان میں بایومیٹرک سینسرز، ذہانت سے لیس لباس اور میڈیکل مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی انسان کے جسم سے حاصل شدہ ڈیٹا کو سمجھ کر خود اس کو آگاہ کرتی ہے۔

یہ تمام تصورات حدیث نبوی ﷺ کے اشارات کے عین مطابق ہیں، اور اس بات کی علامت ہیں کہ اسلام کی پیش گوئیاں وقت کے ساتھ ساتھ اپنی حقیقت آشکار کرتی رہتی ہیں۔

### مصنوعی ذہانت اور وقت کی تیز رفتاری

ایک اور حدیث میں نبی کریم ﷺ نے وقت کی تیز رفتاری کی نشاندہی فرمائی، جو کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کے دور کی ایک بڑی خصوصیت بن چکی ہے:

**"لا تقوم الساعة حتى يتقارب الزمان، فتكون السنة كالشهر، والشهر كالجمعة، وتكون الجمعة كاليوم، ويكون اليوم كالساعة، وتكون الساعة كاحتراق السعفة"** (24)

"قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ زمانہ قریب ہو جائے گا؛ سال مہینے کی طرح، مہینہ ہفتے کی طرح، ہفتہ دن کی طرح، دن گھنٹے کی طرح، اور گھنٹہ آنکھ جھپکنے کی مانند ہو جائے گا۔"

یہ حدیث اس حقیقت کی جانب اشارہ کرتی ہے کہ وقت کی قدر و قیمت بدل جائے گی، کاموں کی رفتار بڑھ جائے گی، اور وہ

امور جو پہلے مہینوں اور سالوں میں انجام پاتے تھے، اب لمحوں میں انجام پذیر ہوں گے۔ بلاشبہ یہ وہی وقت ہے جب مصنوعی ذہانت، روبوٹکس، خودکار نظام، اور سافٹ ویئرز نے انسانی زندگی کو غیر معمولی تیزی سے بدل دیا ہے۔

قرآن وسنت کی روشنی میں واضح ہوتا ہے کہ مصنوعی ذہانت جیسے نظریات اگرچہ دورِ جدید کی پیداوار ہیں، لیکن ان کے ابتدائی اشارے، امکانات اور اشارات قرآن اور احادیث میں موجود ہیں۔ یہ اشارے ہمیں اس بات کی طرف متوجہ کرتے ہیں کہ انسانی فہم، شعور اور فضیلت کو کوئی مصنوعی چیز نہیں پہنچ سکتی۔ مصنوعی ذہانت جیسے نظام انسان کے بنائے ہوئے ہیں، اور وہ صرف اس دائرے میں مفید ہیں جس میں انہیں انسان نے محدود کیا ہے۔

قرآن کریم اور سنت نبویہ ﷺ میں موجود اشارے ہمیں یہ سکھاتے ہیں کہ جدید ٹیکنالوجی کو بھی اسلامی اخلاقیات اور شرعی اصولوں کے تابع رکھنا لازم ہے۔ لہٰذا، تعلیم و تعلم میں مصنوعی ذہانت کا استعمال جہاں کئی فوائد کا حامل ہے، وہیں اس کے لیے اسلامی آداب اور اخلاقی ضوابط کی پاسداری از حد ضروری ہے، تاکہ علم کا یہ سفر صرف آسان نہ ہو، بلکہ بابرکت، متوازن اور تعلق باللہ کا ذریعہ بھی بنے۔

**اسلامی تناظر میں انسان اور مصنوعی ذہانت:**

انسان اللہ تعالیٰ کی وہ مخلوق ہے جسے نہ صرف ظاہری و باطنی قوتوں سے نوازا گیا، بلکہ اسے عقل، اختیار، ارادہ اور علم جیسی بے مثال صفات عطا کی گئیں، جو کسی دوسری مخلوق کو اس درجہ میں حاصل نہیں۔ انسان کا منصب "خلیفۃ فی الارض" ہونا دراصل اس کے شعور، فہم اور تخلیقی صلاحیتوں کا اعتراف ہے۔ دوسری طرف، مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) اگرچہ انسانی عقل کی اختراعی پیداوار ہے، مگر یہ خود ارادی، اخلاقی یا اختیاری شعور سے خالی ایک خودکار (automated) نظام ہے، جو مخصوص کوڈز، ڈیٹا اور احکامات کے تحت کام کرتا ہے۔

**I. ارادہ، اختیار اور شعور کا فرق**

قرآن مجید نے انسان کو اللہ کا خلیفہ قرار دیا، جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً﴾ [25]

" میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں۔"

انسان کو جو مقام خلافت عطا ہوا ہے، وہ دراصل اس کی فکری بالیدگی، اختیاری قوت، اور اخلاقی ذمہ داری کی دلیل ہے۔ انسان اپنے عمل میں نیت، ارادہ، اور فیصلہ سازی کے مراحل سے گزرتا ہے۔ جبکہ مصنوعی ذہانت کسی بھی کام کو انجام دینے کے لیے صرف مخصوص دیے گئے حکم (command) یا ڈیٹا پر انحصار کرتی ہے۔ وہ کسی اخلاقی شعور، دلی جذبے، یا نیت کی بنیاد پر فیصلہ نہیں کرتی۔

### 2. نیت و نفع کی بنیاد پر عمل

انسان اپنے اعمال میں نیت اور اخلاقی ذمہ داری کا لحاظ رکھتا ہے۔ جیسا کہ حدیث نبوی ﷺ ہے:

"إنما الأعمال بالنيّات "[26]" اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔"

جبکہ مصنوعی ذہانت میں نہ نیت کا تصور ہے، نہ اجر و ثواب کا۔ وہ صرف خارجی نظام میں عمل انجام دیتی ہے، نہ کہ اخلاقی یا روحانی سطح پر۔

### 3. مسلسل عمل اور تھکن سے آزادی

یہ حقیقت ہے کہ انسان جسمانی اور ذہنی حدود کا حامل ہے۔ ایک خاص مدت کے بعد وہ تھکن محسوس کرتا ہے، اسے آرام، نیند، خوراک، اور جذباتی سکون کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس کے برعکس، مصنوعی ذہانت اور جدید مشینی نظام بغیر تھکے، دن رات، تسلسل کے ساتھ ایک ہی عمل کو دہرا سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بعض صنعتی، تعلیمی، اور تحقیقی میدانوں میں مصنوعی ذہانت کو وقت کی بچت اور استعدادِ کار بڑھانے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔

لیکن یہاں یہ امر یاد رکھنا چاہیے کہ تسلسل اور کارکردگی کا مطلب یہ نہیں کہ مصنوعی ذہانت انسانی شعور کی ہمسر بن گئی ہے۔ کیونکہ نہ اس میں سچائی کو جانچنے کی قوت ہے، نہ خیر و شر کے درمیان تمیز کا اختیار۔

### 4. تخلیق و تصرف: ایک قرآنی تناظر

قرآن کریم میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی مثال ایک ایسی مخلوق کے طور پر دی گئی ہے، جنہیں اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی علم، فہم اور تصرف عطا فرمایا تھا:

﴿وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ﴾ [27]

جب سلیمان علیہ السلام کو بلقیس کے تخت کی خبر ملی تو ایک جن نے دعویٰ کیا:

﴿قَالَ عِفْرِيتٌ مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ﴾[28]

"ایک قوی جن بولا: میں آپ کے اٹھنے سے پہلے وہ تخت لے آؤں گا۔"

پھر ایک شخص جسے "علم من الکتاب" دیا گیا تھا، اس نے کہا:

﴿قَالَ الَّذِي عِندَهُ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ﴾[29]

" جس کے پاس کتاب کا علم تھا، اس نے کہا: میں آپ کی آنکھ جھپکنے سے پہلے وہ تخت لے آؤں گا۔"

یہ قرآنی مثال جدید مصنوعی ذہانت اور automation کے اصولوں سے مشابہ ضرور دکھائی دیتی ہے، لیکن یہ الٰہی قدرت کا مظہر تھا، نہ کہ انسانی ٹیکنالوجی کا کمال۔ آج اگر کوئی مشین لمحوں میں بڑا کام کر رہی ہے، تو وہ اسی اصول کا مادی مظہر ہے، جس کی بنیاد اللہ کی طرف سے انسان کو دی گئی علم و فہم پر ہے۔

### 5. علم وامانت

اللہ تعالیٰ نے انسان کو وہ مقام عطا فرمایا جو نہ آسمانوں، زمین اور پہاڑوں نے قبول کیا:

﴿إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ ۖ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا﴾ [30]

انسان نے اس امانت کو اٹھایا، یعنی علم، ارادہ، فہم اور جواب دہی کا بوجھ۔ یہ صفات کسی بھی مصنوعی نظام میں ممکن نہیں، خواہ وہ کتنی ہی ترقی کیوں نہ کر لے۔

انسان اور مصنوعی ذہانت کے درمیان تقابل کے بعد درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں کہ مصنوعی ذہانت محض ایک "نظام" ہے، انسان ایک "ذمہ دار شعور" ہے۔ مصنوعی ذہانت انسان کی تخلیق ہے، انسان اللہ کی تخلیق ہے۔ مصنوعی ذہانت ارادہ، نیت اور شعور سے خالی ہے، جبکہ انسان کا عمل انہی پر قائم ہے۔ مصنوعی ذہانت کی کارکردگی مسلسل، تیز اور منظم ہو سکتی ہے، مگر وہ کبھی اخلاقی، روحانی یا شعوری برتری نہیں رکھ سکتی۔ اللہ تعالیٰ نے علم، امانت، اور اختیار کا بوجھ انسان کو دیا، نہ کہ کسی مشین کو۔ لہٰذا تعلیم و تعلم کے میدان میں مصنوعی ذہانت کا استعمال اگرچہ وقت کی ضرورت ہے، لیکن اس کے اسلامی اخلاقی حدود اور انسانی شعور کی بالادستی کو ہر حال میں مقدم رکھنا ضروری ہے۔ قرآن و سنت کی روشنی میں واضح ہے کہ مصنوعی ذہانت کبھی انسان کا نعم البدل نہیں بن سکتی۔

## مصنوعی ذہانت کے استعمال کے اسلامی آداب

